تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 3, 2025

پریس ریلیز

ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس پہل کے زیر اہتمام آوٹ ریچ سرگرمی کے طور پر

سی ایس ایس آئی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کا الخیر کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی لمیٹیڈ کا دورہ

سینٹر فار دی اسٹڈی آف سوشل انکلوژن (سی ایس ایس آئی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ترقی یافتہ بھارت ایٹ دی ریٹ دو ہزار سینتالیس پہل کے تحت مالیاتی شمولیت کے مرکزی خیال پر مرکوز انڈین نالج سسٹم پر ایک کامیاب آوٹ ریچ سرگرمی کا اہتمام کیا۔تیس جنوری دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر پروگرام کا مقصد کوآپریٹیو مالیاتی اداروں سے متعلق معلومات فراہم کرنا اور سماجی و اقتصادی شمولیت کے فروغ میں ان کے رول کے متعلق طلبہ کو واقف کرانا تھا۔

پروگرام کا آغاز سی ایس ایس آئی کیمپس سے ذاکر نگر میں واقع الخیر کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی لمیٹیڈ تک ریلی کے انعقاد سے ہوا۔ پرجوش طلبہ اپنے ہاتھوں میں مالیاتی شمولیت، حاشیائی برادریوں کو خودمختار بنانے میں کوآپریٹیو بینکنگ کی اہمیت کے سلسلے میں بیداری سے متعلق نعرے والی تختیاں اور اشتہارات لیے ہوئے تھے۔

الخیر دفتر پہنچنے پر ادارے کے سینئر نمائندہ جناب ریاض نے طلبہ کو ادارے کے ڈھانچے، کام کاج کے طریقے اور کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی کے اثرات کے سلسلے میں متعارف کرایا۔ان کے پرزینٹیشن نے سماج کے پسماندہ طبقات تک قابل رسائی مالی خدمات فراہم کرنے کے سلسلے میں ایسے اداروں کے بنیادی رول کو اجاگر کیا۔

سی ایس ایس آئی کے ڈاکٹر اروند کمار نے خود پر اقتصادی انحصار کے فروغ میں مالیاتی کوآپریٹیو کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے پُر مغز گفتگو کی۔اپنی گفتگو میں انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ ایسے اقدامات کس طرح ترقی یافتہ بھارت دو ہزار سینتالیس کے وسیع تر وژن سے ہم آہنگ ہیں جہاں ملکی تعمیر میں مالی شمولیت کلیدی رول ادا کرتی ہے۔

اس کے بعد سوال و جواب کا سیشن ہوا جس میں طلبہ نے ماہرین سے سوالات پوچھنے کے ساتھ اپنے شکوک وشبہات کا اظہار کیا اور کوآپریٹیو مالیاتی ماڈلز کے متعلق اپنی سمجھ کو بہتر کیا۔بات چیت کے سیشن سے آموزش کے بیش قیمت مواقع حاصل ہوئے جن سے طلبہ کو شمولیت اور مساوات کو فروغ دینے والے ایک متبادل بینکنگ نظام کے متعلق معلومات حاصل ہوئیں۔

آؤٹ ریچ سرگرمی کے تجربے کومزید بہتر کرنے کے لیے فیکلٹی اراکین اور طلبہ نے الخیر کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی لمٹیڈ کے مستفیدین سے انٹرویو لیے۔لوگوں سے بات چیت کے بعد زندگیوں کو تبدیل کرنے، کارجویائی کو فروغ دینے اور سماج کے حاشیائی گروپ کی مالی آزادی کو روبہ عمل لانے میں کوآپریٹیو فینانس کے واضح اثرات کا اندازہ ہوا۔

اظہار تشکر اور دونوں طرف سے مستقبل میں بھی کام جاری رکھنے کے متعلق عہد کی تجدید پر پروگرام اختتام پذیر ہوا۔سی ایس ایس آئی نے ایسے تعلیمی اور عملی کاروائیوں کو فروغ دینے سے متعلق جن سے جامع وشمولیت اور ترقی پذیر بھارت کو مدد ملتی ہے اپنے عہد کو دہرایا۔سماجی انصاف کے ایک اہم ستون کے طور پر مالی شمولیت کے سلسلے میں طلبہ نے بھی نے اپنی سمجھ کو تازہ تر کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی